© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد



تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● کتاب: نمازِ مسنون (جیبی سائز)          مرتب: ابوسفیان تائب

ضخامت: ۶۴ صفحات          قیمت: ۲۵ روپے          ناشر: دارالمطالعہ، نزد پرانی پانی والی ٹینکی حاصل پور (ضلع بہاول پور)

اللہ تعالیٰ کی طرف سے نماز ہر مسلمان پر فرض ہے۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو دین کا ستون اور مؤمن کی معراج قرار دیا ہے۔ اپنے بچوں کو سات برس کی عمر میں تلقین وترغیب کے ذریعے نماز کی عادت ڈالنے اور دس برس کی عمر میں مار کر بھی نماز پڑھانے کا حکم فرمایا ہے۔ نماز میں پڑھے جانے والے کلمات طیبات، تسبیحات اور دعائیں یاد کرنا، اُن کا معنیٰ ومفہوم سمجھنا اور نماز کے مسائل سے آگاہ ہونا ہر مسلمان مرد اور عورت کی بنیادی ضرورت اور ذمہ داری ہے۔

جناب ابوسفیان تائب، حاصل پور شہر کی معروف دینی وعلمی شخصیت ہیں۔ دعوت وتبلیغ اور اصلاحِ معاشرہ کا خاص ذوق رکھتے ہیں۔ تقریر وتحریر کے ذریعے مسلمانوں کی بھلائی کی سرگرمیوں میں مشغول رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں اس کارِ خیر کی توفیق عطا فرما کر دین کی تعلیم وتبلیغ اور نشر واشاعت کے لیے قبول فرما لیا ہے۔

جناب ابوسفیان تائب کی مرتبہ اس کتاب میں مکمل نماز، آیاتِ قرآنی مع ترجمہ، وضو کا طریقہ اور مسائل، نماز کی ادائیگی کا طریقہ اور مسائل، نمازِ جمعہ، نمازِ عیدین، نمازِ تراویح، عورتوں کی نماز کا طریقہ اور مسائل، قضا نمازوں کی ادائیگی، بنیادی اسلامی عقائد (ایمان مجمل، ایمان مفصل)، چھے کلمے، پانچ نمازوں اور جمعۃ المبارک کی ترتیب وار رکعتیں (چارٹ کی صورت میں)، قرآن وحدیث میں مذکور دعائیں، شرعی اصطلاحات، فرض، واجب، سنتِ مؤکدہ، سنتِ غیر مؤکدہ، مستحب یا نفل، حرام، مکروہ تحریمی، مکروہ تنزیہی اور مباح۔ ان کی مختصر تشریح لکھی گئی ہے۔ زبان انتہائی سادہ بات مختصر اور مسئلہ واضح ہے، جس سے بچے اور بڑے یکساں نفع اٹھا سکتے ہیں۔ شروع میں اسماء اللہ الحسنٰی درج ہیں۔ فاضل مرتب سے گزارش ہے کہ اسماء النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی آئندہ اشاعت میں شامل فرما لیں۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور مرتب وناشر سب کو اجر عطاء فرمائے۔ (آمین) (تبصرہ: کفیل بخاری)

● **کتاب: القواعد الصرفیہ**          مصنف: مولانا سید نظام الدین شاہ

ناشر: مکتبہ القراۃ۔ ۱۴۳۔ بی۔ ماڈل ٹاؤن لاہور   ملنے کا پتا: المصباح، اردو بازار لاہور

برصغیر پاک و ہند کے مدارس عربیہ کے عمومی نظامِ تعلیم میں فنون کو علوم پر مقدم رکھا گیا ہے۔ اِنھی فنون میں اہم ترین عربی قواعدِ انشاء یعنی نحو وصرف اور گرامر ہیں۔ ہمارے مدارس کے بندوبست میں ان دونوں فنون کو اساتذہ وطلبہ کی خصوصی توجہ حاصل رہتی ہے۔



© rasailojaraid.com